بچوں کی بائبل
پیشکش

# یسوع کی پیدائش



مصنف: Edward Hughes

تصور: M. Maillot
Alastair Paterson

انتخاب: E. Frischbutter; Sarah S.

مترجم: Jamil Thomas

تصنیف: Bible for Children
www.M1914.org

©2020 Bible for Children, Inc.
آپ اس کہانی کو کاپی کر سکتے ہیں یا پرنٹ کر سکتے ہیں لیکن اس کی فروخت نہیں کر سکتے۔



بہت عرصہ پہلے، خدا نے جبرائیل فرشتہ کو
ایک بہت ہی پیاری اور کنواری لڑکی کے پاس
بھیجا جس کا نام مریم تھا۔ فرشتہ نے اسے بتایا،
تیرے بیٹا ہوگا اور تو اس کا نام یسوع رکھنا۔ وہ
خدا تعالیٰ کا بیٹا کہلائے گا۔ اور اس کی
بادشاہت کا آخر
نہ ہوگا۔

"یہ کیسے ہو گا؟" ششدرہ لڑکی نے پوچھا۔
"میں تو کسی مرد کو جانتی تک نہیں۔" فرشتہ
نے لڑک کو بتایا کہ یہ بچہ خدا کی جانب سے
ہو گا۔ اور اس کا کوئی انسانی باپ نہ ہو گا۔



فرشتہ نے مریم کو بتایا کہ
اسکی کزن الیشبع بھی بڑاپے
میں حاملہ ہے۔ یہ بھی ایک
معجزہ تھا۔ اس بات کے بعد
جلد ہی مریم الیشبع کے پاس
جاتی ہے۔ اور ان دونوں نے
خداوند کی تعریف کی۔



مریم کی ایک یوسف نامی شخص سے منگنی ہوئی تھی۔ یوسف بہت ہی غمگیں ہوا جس اسے پتا چلا کہ مریم حاملہ ہے۔ اس نے سوچا کہ اس بچے کا باپ تو کوئی اور ہی ہے۔



خواب میں خدا کے فرشتہ نے یوسف کو بتایا کہ یہ بچہ خدا تعالیٰ کا فرزند ہے۔ یوسف مریم کی مدد کرنے کو تھا۔





یوسف نے بھروسہ رکھا اور خدا کی اطاعت کی۔ اس نے اپنے ملک کے قوانین کی بھی
اطاعت کی۔ اور نئے قانون کے
مطابق وہ اور مریم اپنے آبائی
گھر بیت الحم میں
حکومت کے
ٹیکس بھی
ادا کرنے بھی گئے۔


اب مریم کا وضع حمل کا
وقت آ پہنچا۔ لیکن یوسف کو
کہیں بھی کوئی جگہ نہ ملی۔
تمام سرائے لوگوں سے
بھرئے ہوئے تھے۔

آخر کار یوسف کو ایک اصطبل مل گیا۔ وہاں یسوع بچہ پیدا ہوا۔ اس کی ماں نے اسے
ایک چرنی میں رکھا، جہاں جانوروں
کو چارہ دیا جاتا تھا۔




قریب ہی چرواہے اپنے گلہ کی نگہبانی کر رہے تھے۔ خداوند کا فرشتہ ان پر ظاہر ہوا اور
انہیں حیران کن خبر سنائی۔ کہ آج داود کے شہر میں
تمھارے لئے ایک
منجی پیدا ہوا ہے
یعنی مسیح خداوند۔
اور تم بچہ کو چرنی میں
پڑا پاوگے۔


اور یکایک اس فرشتہ کے ساتھ آسمانی لشکر کی ایک گروہ خدا کی حمد
کرتی اور یہ کہتی ہوئی ظاہر ہوئی کہ " عالم بالا پر خدا کی
تمجید ہو اور
زمین پر اُن آدمیوں میں
جن سے وہ راضی
ہے صلح۔"

چرواہے جلدی ہی اصطبل کی جانب گئے۔ اور بچے کو دیکھنے
کے بعد جن سے بھی وہ ملے فرشتوں نے جو یسوع کے بارے
میں بتایا تھا سب کو خبر کی۔





چالیس دن کے بعد، یوسف اور مریم یسوع کو یروشیلم
میں ہیکل میں لائے۔ وہاں شمعون نامی ایک
بوڑھے نے بچے کو دیکھ کر خدا کی حمد کی۔
جب کہ ایک اور بوڑھی عورت حناہ
نامی نے بھی خدا کا شکر ادا کیا، جو ہیکل
میں خدا کی خادمہ تھی۔ دونوں جانتے
تھے کہ یسوع خدا کا بیٹا ہے، اور
موعودہ منجی۔ یوسف نے دو پرندوں
کی قربانی دی۔ یہ خدا کی شریعت کے
مطابق غربا کے لئے پہلوٹھے کو خدا
کے حضور لانے کا نذرانہ تھا۔


کچھ وقت کے بعد، ایک خاص ستارے نے مشرق ملک سے مجوسیوں کو یروشیلم کی راہ کی رہنمائی کی تھی۔"
یہودیوں کا بادشاہ کہاں پیدا ہوا ہے۔" انہوں نے پوچھا، "کیوں کہ ہم اسے سجدہ کرنا چاہتے ہیں۔"

ہر ودیس بادشاہ نے مجوسیوں کے
بارے میں سنا۔ وہ پریشان ہوا اور اس
نے ان سے کہا اگر تم یسوع کو پاو تو
مجھے بھی خبر کرنا۔" میں بھی اسے
سجدہ کرنا چاہتا ہوں۔" ہیرودیس
نے یہ کہا، لیکن وہ جھوٹ بول رہا تھا۔
ہیرودیس یسوع کو قتل کرنا چاہتا تھا۔





ستارے نے مجوسیوں کی ٹھیک رہنمائی
کی جہاں مریم، یوسف بچے کے ساتھ رہتے
تھے۔ انہوں نے گھٹنے ٹیک کر اسے سجدہ کیا،
انہوں نے یسوع کو قیمتی تحفے یعنی سونا اور
لبان بھی پیش کئے۔

خدا نے مجوسیوں کو خبردار کیا کہ وہ چپکے سے
اپنے گھر واپس لوٹ جائیں۔ ہیرودیس غصے
سے بھر گیا۔ اور یسوع کو قتل کرنے کی
غرض سے اس شریر بادشاہ نے بیت الحم کے
بچے قتل کروا دیئے۔




لیکن ہیرودیس خدا کے
بیٹے کو کوئی نقصان نہ پہنچا
سکا۔ خواب میں ہدایت
پا کر یوسف مریم اور
یسوع کو باحفاظت لے
کر مصر چلے گیا۔



جب ہیرودیس مر گیا تو
یوسف مریم اور یسوع کو
مصر سے واپس لے آیا۔

وہ ایک چھوٹے سے قصبے
ناصرت جو گلیل کی جھیل کے پاس ہے رہنے لگے۔

# یسوع کی پیدائش

خدا کے کلام بائبل میں یہ کہانی

موجود ہے

متی 1-2،لوقا 1-2

"تیری باتوں کی تشریح نور بخشتی ہے۔"
زبور 130:119

ختم شد

بائبل کی کہانی ہمیں ہمارے عجیب خدا کے
بارے میں بتاتی ہے جس نے ہمیں بنایا اور وہ چاہتا ہے کہ آپ اُسے جانیں۔

خدا جانتا ہے کہ ہم نے برے کام کیے جنھیں وہ گناہ کہتا ہے۔ گناہ کی سزا موت ہے۔ لیکن خدا ہم سے
اتنی زیادہ محبت کرتا ہے کہ اس نے اپنے اکلوتے بیٹے یسوع کو بھیجا کہ صلیب پر مرے اور ہمارے گناہو
ں کی سزا اٹھائے۔ پھر یسوع دوبارہ زندہ ہوا اور آسمان پر اپنے گھر گیا۔ اگر آپ یسوع پر ایمان رکھتے ہیں اور
اس سے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں تو وہ اسے معاف کرے گا۔ وہ آئے گا اور آپ میں
رہے گا، اور آپ ہمیشہ اس کے ساتھ رہیں گے۔

اگر آپ ایمان رکھتے ہیں کہ یہ سچ ہے تو خدا سے کہیں:
پیارے یسوع، میں ایمان رکھتا ہوں کہ تو خدا ہے اور میرے گناہوں کے لیے انسان بنا اور مرگیا
اور اب پھر زندہ ہے۔ مہربانی سے میری زندگی میں آجا اور میرے گناہ معاف کردے تاکہ اب مجھے نئی زند
گی ملے اور پھر ایک دن تیرے ساتھ ہمیشہ کے لیے چلا جاوں۔ میری مدد کر تاکہ میں
تیرے تابع رہ سکوں اور تیرے فرزند کے طور پر زندگی بسر کروں۔ آمین۔

بائبل مقدس پڑہیں اور خدا سے روز باتیں کریں۔ یوحنا 16:3